ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 3 Short Questions Test

Q1. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں

Q2. سورۃ التوبہ کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ مدنی سورت ہے.

Q3. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.

Q4. سورۃ ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q5. سورۃ البقرہ کے مضامین کے نکات تحریرکریں-

Ans 1: 1- سورۃ البقرہ کا آغاز اسلام کے بنیادی عقائد یعنی توحید، رسالت اور آخرت کے بیان سے ہوا ہے اسی ضمن میں انسانوں کی تین قسمیں مومن، کافر اور منافق بیان کی گئی ہیں- 2- حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہوا. 3- مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے متعلق بہت سے احکام بیان فرمائے گئے ہیں جن میں عبادات سے لے کر معاشرت، خادانی امور اور حکمرانی سے متعلق بہت سے مسائل ہیں-

---

Q6. لفظ کے معنی تحریر کریں- خلفھم- ولا یودہ - یتخبطہ- اوتخفوہ- ملٰکتیہ- ان نسینا-

Ans 1: خلفھم- ان کے پیچھے- ولا یودہ- اسے نہیں تھکاتی - یتخبطہ- اسے پاگل کردیا اوتخفوہ- یا اسے چھپاؤ- ملائکتہ- اس کے فرشتے- ان نسینا- اگر ہم بھول جائیں

Q7. اللہ تعالی نے مباہلہ کرنے کا حکم کس قوم کو دیا.

Ans 1: اس آیت میں اللہ تعالی نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کو غیر مسلموں کے ساتھ مباہلہ کرنے کا حکم دیا ہے.

Q8. سورہ البقرہ کو سورہ البقرہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کودیا گیا تھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے.

Q9. انفال یعنی مال غنیمت سے کیا مراد ہے-

Ans 1: انفال نفل کی جمع ہے نفل زائد چیز کو کہتے ہیں- مال غنیمت کو نفل اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ اصل مقصود سے زائد ہوتا تھا.جہاد سے مقصود تو آخرت کار اجر اور اللہ تعالیٰ کی رضا ہے- مال کا ملنا، اللہ تعالیٰ کا فضل اور عطیہ ہے.

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- توتی- تعز- تولج-ان یمدکم-خلق-قیما-علی جنوبھم-فقنا-انصار

Ans 1: تؤتی- تو عطا فرماتا ہے - تعز- تو عزت عطا فرماتا ہے- تولج- تو داخل کرتاہے ان یمدکم- - کہ تمھاری مدد فرمائے- خلق- تخلیق- قیما- کھڑے کھڑے- علی جنوبھم- لیٹے ہوئے- فقنا- تو ہیں بچالے- انصار- مدد گار